PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

22 فیصد زائددرخواستوں کی وصولی کے ساتھ کلبز کی رجسٹریشن کا عمل ختم

لاہور، 9 اپریل 2021ء:

پاکستان کرکٹ بورڈ کی جانب سے دس مارچ کو شروع ہونے والا کلبز کی رجسٹریشن کا عمل 8 اپریل بروز جمعرات کو ختم ہوگیا۔ اس دوران ملک بھر سے 3807 کرکٹ کلبز نے رجسٹریشن کے لیے درخواستیں جمع کروائیں۔

اگست 2019 سے نافذ العمل نئے آئین سے قبل3115 کلبز پی سی بی کے ساتھ رجسٹرڈ تھےتاہم ، ماڈل آئین میں ترامیم اور کلب ایفیلیشن اور آپریشنل قواعد کو متعارف کرانے کے بعد ، پی سی بی کو ماضی کی نسبت 22 فیصد زائد درخواستیں موصول ہوئیں۔

اس آن لائن رجسٹریشن کے ابتدائی 12 روزمیں 1362 اور آخری 17 روز میں 2445 درخواستیں موصول ہوئیں جو ملک بھر کے کرکٹ آرگنائزرز کا پاکستان کرکٹ بورڈ سے اعتماد کا واضح ثبوت ہے۔

پی سی بی کو سب سے زیادہ845 درخواستیں خیبرپختونخوا کرکٹ ایسوسی ایشن سے موصول ہوئیں جبکہ سینٹرل پنجاب کرکٹ ایسوسی ایشن سے 774، سندھ سے 676، سدرن پنجاب سے 524 اور ناردرن سے 486 کلبز کی درخواستیں موصول ہوئیں۔

سٹی کرکٹ ایسوسی ایشنز میں سب سے زیادہ درخواستیں کراچی سے موصول ہوئیں، جہاں سے 231 کرکٹ کلبز نے درخواستیں جمع کروائیں۔ لاہور سے 222 کرکٹ کلبز پی سی بی کے ساتھ رجسٹریشن کے خواہشمند ہیں۔

اس کے علاوہ فیصل آباد سے 100 سے زائد، حیدر آباد سے94، راولپنڈی سے 87، بنوں اور کوئٹہ سے بالترتیب 83 اور 82 کرکٹ کلبز نے رجسٹریشن کے لیے درخواستیں جمع کروائیں۔سدرن پنجاب کرکٹ ایسوسی ایشن سے سب سے زیادہ بہاولنگر

سے 61 درخواستیں موصول ہوئی ہیں۔

رجسٹریشن کے پہلے مرحلے کے اختتام پر اب درخواست گزار کامیاب کلبز کے صدور کوان کے رجسٹرڈ ای میل ایڈریس پر ایک ان لائن لنک بھجوایا جائے گا،جہاں انہیں ممبرشپ اور کھلاڑیوں کی کٹیگریز سے متعلق معلومات فراہم کرنا ہوں گی۔